روضۃ الادب

مع

عربی خطوط

اِس کتاب کے اسباق کو ایسے عام فہم انداز سے ترتیب دیا
گیا ہے کہ اِس کے مطالعہ سے عربی بول چال اور
قرآن کا ترجمہ بہت آسانی سے سمجھا جا سکتا ہے

مؤلفہ

مولانا مشتاق احمد چرتھاولی

ناشر

دارالاشاعت

مولوی مسافر خانہ کراچی ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۵

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا وَّھَدٰنَا صِرَاطًا سَوِیًّا ، وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ بُعِثَ رَسُوْلًا نَّبِیًّا ، وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہِ الَّذِیْنَ سَلَکُوْا طَرِیْقًا مَّرْضِیًّا ۔

اَمَّا بَعْدُ : یہ بات تمام بزرگان دین و پیشوایان اسلام کے نزدیک مسلم ہے کہ جب تک مسلمان مذہبی تعلیم سے بے خبر رہیں گے کوئی کوشش بار آور نہیں ہوسکتی ۔ لیکن افسوس ہے کہ مسلمان اس طرف ذرا توجہ نہیں کرتے بلکہ بے سمجھی اور کم ہمتی سے عربی زبان پر (جو کہ مذہبی علوم حاصل ہونے کا ذریعہ ہے) کٹھن ہونے کا الزام لگاتے ہیں ۔

غضب کی بات تو یہ ہے کہ جو زبانیں دنیوی کاموں میں مدد دیتی ہیں خواہ ان کے سیکھنے میں کیسی ہی دشواری پیش آئے کبھی ہمت نہیں ہارتے اور جب تک کہ کامیابی نہ ہو، برابر کوشش کرتے رہتے ہیں ۔ لیکن عربی زبان جو ایک مذہبی زبان ہے اور جس کے بغیر قرآن پاک کے احکام سے خبردار ہونا ممکن نہیں، اس کے حاصل کرنے میں عمر کا تھوڑا سا حصہ بھی صرف کرنا گوارا نہیں کرتے ۔

یہ کتنے بڑے افسوس کی بات ہے کہ ساری عمر نماز پڑھنے سے بھی یہ نہیں سمجھتے کہ ہم نے نماز میں جو کچھ پڑھا ہے اس کا مطلب کیا ہے ؟ اور ہمیں آٹھویں دن خطبہ میں کیا نصیحت کی جاتی ہے ۔ دنیوی کاروبار چلانے کے واسطے انگریزی ، ہندی ، مرہٹی گجراتی اور جس زبان کی ضرورت ہوتی ہے اُسے ضرور سیکھتے ہیں لیکن عربی کی طرف سے ایسا منہ پھیر لیا ہے کہ ساری عمر میں ایک آیت کا بھی صحیح ترجمہ نہیں سیکھتے ۔

اس غفلت و بے پروائی کی بدولت جیسی روز بروز جہالت بڑھتی جاتی ہے ظاہر ہے

کہ آخر اسی افسوس ناک حالت کو دیکھ کر احقر نے یہ رسالہ رَوْضَۃُ الْاَدَبْ فِیْ ، تَسْہِیْلِ کَلَامِ الْعَرَبْ) نہایت محنت سے تالیف کیا ہے ۔ اور اس کے اسباق کو ایسے آسان طریقہ سے ترتیب دیا ہے کہ اگر "صرف و نحو" یاد کیے بغیر اس رسالہ کو اوّل سے آخر تک خوب سمجھ کر پڑھ لیا جائے تو بھی عربی بول چال آ جائے گی ۔ اور قرآن شریف کا ترجمہ آسان ہو جائے گا اور اس کے ساتھ اگر ایک دو رسالے "صرف و نحو" کے پڑھ لیے جائیں تو نورٌ علیٰ نورٌ ہے ۔

اگر علماء حضرات اس رسالہ کو مدارس عربیہ کے نصاب میں داخل فرمائیں تو طلبہ کو بہت نفع پہنچنے کی اُمید ہے ۔ کیونکہ احقر نے تعلیمی تجربہ کے بعد اس کو شائع کرنے کی جرأت کی ہے ۔ اس سے قبل کئی ایک رسالے اس مقصد کے لیے شائع ہو چکے ہیں لیکن ان سے مدارس عربیہ کے طلبہ فائدہ نہیں اٹھا سکتے بلکہ ان کے مطالعہ سے استعداد کو نقصان پہنچتا ہے ۔

بفضلہٖ تعالیٰ احقر نے اس رسالہ میں ان تمام رعایتوں کو ملحوظ رکھا ہے جو طلبہ عربیہ کی شان کے شایان اور ان کے حوصلہ اور قوت کو بڑھانے والی ہیں ، اور یہی ایک بات ہے کہ جس سے یہ رسالہ عام و خاص کے پڑھنے کے لائق ہو گیا ہے ۔

اب دعا یہ ہے کہ حق جل و علیٰ شانہٗ اس ناچیز تالیف کو قبول عام عطا فرما کر اس کو عربی زبان کی ترقی اور مذہبی علوم کی اشاعت کا ذریعہ بنائے ۔ آمین ثم آمین ۔

وانا العبد المفتقر الی ربہ الصمد

مشتاق احمد عفی عنہ

ساکن قصبہ چرتھاول ضلع مظفر نگر ۔ ۲۲ ۔ ذی الحجہ ۱۳۴۰ھ

نَحۡمَدُہٗ وَنصلّی علیٰ رسُولِہِ الکَرِیم ہ
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہ

رَوۡضَۃُ الۡاَدَبۡ فِی تَسۡہِیۡلِ کَلَامِ الۡعَرَبۡ

اَلۡبَابُ الۡاَوَّلُ فِی التَّمۡرِیۡن

سبق (۱)

ضمیر مرفوع متصل

(یعنی فاعل کی وُہ ضمیر جو فعل سے ملی ہو)

واحد متکلم	تثنیہ و جمع متکلم	واحد مذکر حاضر	تثنیہ مذکر حاضر
ضَرَبۡتُ	ضَرَبۡنَا	ضَرَبۡتَ	ضَرَبۡتُمَا
میں نے مارا	ہم نے مارا	تو ایک مرد نے مارا	تم دو مردوں نے مارا
جمع مذکر حاضر	واحد مونث حاضر	تثنیہ مونث حاضر	جمع مونث حاضر
ضَرَبۡتُمۡ	ضَرَبۡتِ	ضَرَبۡتُمَا	ضَرَبۡتُنَّ
تم سب مردوں نے مارا	تو ایک عورت نے مارا	تم دو عورتوں نے مارا	تم سب عورتوں نے مارا
واحد مذکر غائب	تثنیہ مذکر غائب	جمع مذکر غائب	واحد مؤنث غائب
ضَرَبَ	ضَرَبَا	ضَرَبُوۡا	ضَرَبَتۡ
اس ایک مرد نے مارا	ان دو مردوں نے مارا	ان سب مردوں نے مارا	اس ایک عورت نے مارا
تثنیہ مؤنث غائب	جمع مؤنث غائب		
ضَرَبَتَا	ضَرَبۡنَ		
اُن دو عورتوں نے مارا	اُن سب عورتوں نے مارا		

نَصَرَ	شَرِبَ	دَخَلَ	خَرَجَ	عَلِمَ	سَمِعَ
اُس نے مدد کی	اُس نے پیا	وُہ داخل ہُوا	وُہ نکلا	اُس نے جانا	اُس نے سُنا

كَتَبَ	مَنَعَ	اَكَلَ	ذَهَبَ	تَرَكَ	طَلَبَ
اُس نے لکھا	اُس نے روکا	اُس نے کھایا	وُہ گیا	اُس نے چھوڑا	اُس نے بلایا

اُردو میں ترجمہ کرو

نَصَرْتَ شَرِبْتُ دَخَلُوْا خَرَجْتِ عَلِمْنَا مَنَعَا

سَمِعْتُمَا اَكَلْنَ ذَهَبْتُنَّ تَرَكْنَا طَلَبْتُمْ كَتَبْتَ

عربی میں ترجمہ کرو

میں اندر آیا — اُن سب مردوں نے مدد کی — ہم سب مردوں نے پیا — ہم نے کھایا

تم دو مردوں نے روکا — وُہ سب عورتیں گئیں — تم سب عورتوں نے کھایا

ان دو مردوں نے سنا — تم سب مردوں نے لکھا — وُہ ایک عورت نکلی

تو ایک عورت نے کھایا — اُن دو عورتوں نے پیا — تم دو عورتوں نے چھوڑا

سبق (۲)

ضمیر مرفوع منفصل

(یعنی فاعل کی وہ ضمیر جو فعل سے جُدا ہو)

اَنَا	نَحْنُ	اَنْتَ	اَنْتُمَا	اَنْتُمْ	اَنْتِ	اَنْتُمَا
میں	ہم	تو ایک مرد	تم دو مرد	تم سب مرد	تو ایک عورت	تم دو عورتیں

اَنْتُنَّ	هُوَ	هُمَا	هُمْ	هِيَ	هُمَا	هُنَّ
تم سب عورتیں	وُہ ایک مرد	وُہ دو مرد	وُہ سب مرد	وُہ ایک عورت	وُہ دو عورتیں	وُہ سب عورتیں

ضَارِبٌ ضَارِبَانِ ضَارِبُوْنَ ضَارِبَةٌ ضَارِبَتَانِ ضَارِبَاتٌ

ایک مرد مارنے والا دو مرد مارنے والے سب مرد مارنے والے ایک عورت مارنے والی دو عورتیں مارنے والی سب عورتیں مارنے والی

اردو میں ترجمہ کرو

اَنَامُسْلِمٌ نَحْنُ مُسْلِمُوْنَ اَنْتَ سَامِعٌ اَنْتُمَاسَامِعَانِ

اَنْتُمْ سَامِعُوْنَ اَنْتِ ذَاهِبَةٌ اَنْتُمَاذَاهِبَتَانِ

اَنْتُنَّ ذَاهِبَاتٌ هُوَشَارِبٌ هُمَاشَارِبَانِ هُمْ شَارِبُوْنَ

هِيَ خَائِفَةٌ هُمَاخَائِفَتَانِ هُنَّ خَائِفَاتٌ

عربی میں ترجمہ کرو

وہ ایک مرد مارنے والا ہے — میں مدد کرنے والا ہوں — وہ دو مرد سننے والے ہیں

تم سب مرد جانے والے ہو — تم دو عورتیں پینے والی ہو — وہ سب عورتیں آنے والی ہیں

تم دو مرد نکلنے والے ہو — تم سب عورتیں جاننے والی ہو — وہ سب مرد روکنے والے ہیں

وُہ ایک عورت کھانے والی ہے — ہم دو عورتیں ڈرنے والی ہیں — تو ایک مرد بلانے والا ہے

وُہ دو عورتیں مسلمان ہیں — تو ایک عورت پینے والی ہے

سبق (۳)

ضمیر مجرور متصل

(یعنی وُہ ضمیر جو حرفِ جر سے ملے)

لِيْ — لَنَا — لَكَ — لَكُمَا

میرے واسطے — ہمارے واسطے — تو ایک مرد کے واسطے — تم دو مردوں کے واسطے

لَكُمْ — لَكِ — لَكُمَا — لَكُنَّ

تم سب مردوں کے واسطے — تجھ ایک عورت کے واسطے — تم دو عورتوں کے واسطے — تم سب عورتوں کے واسطے

لَهٗ　لَهُمَا　لَهُمْ　لَهَا

اس ایک مرد کے واسطے　اُن دو مردوں کے واسطے　اُن سب مردوں کے واسطے　اُس ایک عورت کے واسطے

لَهُمَا　لَهُنَّ

اُن دو عورتوں کے واسطے　اُن سب عورتوں کے واسطے

حروف جر

مِنْ　فِیْ　اِلٰی　عَنْ　عَلٰی　ل　ب

سے　میں　تک طرف　سے　پر　واسطے　ساتھ

اُردو میں ترجمہ کرو

فِیْهِ　مِنْكَ　اِلَیْكُمْ　عَنْهُنَّ　عَلَیْهِمْ　لَهَا　بِكُمَا　اِلَیَّ

مِنْكُنَّ　اِلَیْنَا　عَنْكُمْ　فِیْهِمَا　اِلَیْهَا　عَلَیْكَ　لَكُمْ　عَنْكَ

عربی میں ترجمہ کرو

اُس ایک مرد پر　مجھ سے	تم سب مردوں پر	اُن سب مردوں تک
اس ایک عورت کی طرف	تم دو مردوں سے	ہم پر　تم پر
تو ایک عورت کے واسطے	تم سب عورتوں کے ساتھ	مجھ پر
اُن سب مردوں میں	تم دو عورتوں پر	تم دو مردوں کی طرف
ہم دو عورتوں سے	ہم دو مردوں سے	ہم سب مردوں کے واسطے
ہم سب عورتوں کے واسطے	مجھ ایک عورت پر	مجھ ایک مرد کی طرف

سبق (۴)

ضمیر مجرور باضافت

دَارِیْ دَارُنَا دَارُكَ دَارُكُمَا دَارُكُمْ

میرا گھر ہمارا گھر تجھ ایک مرد کا گھر تم دو مردوں کا گھر تم سب مردوں کا گھر

دَارُكِ دَارُكُمَا دَارُكُنَّ دَارُهٗ دَارُهُمَا

تجھ ایک عورت کا گھر تم دو عورتوں کا گھر تم سب عورتوں کا گھر اس ایک مرد کا گھر ان دو مردوں کا گھر

دَارُهُمْ دَارُهَا دَارُهُمَا دَارُهُنَّ

ان سب مردوں کا گھر اس ایک عورت کا گھر ان دو عورتوں کا گھر اُن سب عورتوں کا گھر

اَبٌ اُمٌّ عَمٌّ جَدٌّ خَالٌ اَخٌ اَخَوَانِ اِخْوَةٌ

باپ ماں چچا دادا ماموں بھائی دو بھائی سب بھائی

اُخْتٌ اُخْتَانِ اَخَوَاتٌ اِبْنٌ اِبْنَانِ اَبْنَاءٌ

بہن دو بہنیں سب بہنیں بیٹا دو بیٹے سب بیٹے

بِنْتٌ بِنْتَانِ بَنَاتٌ

بیٹی دو بیٹیاں سب بیٹیاں

اردو میں ترجمہ کرو

هُوَ اَبُوْنَا هِيَ اُمُّكَ هُمَا اُخْتَاكَ اَنْتُمْ اَبْنَائِيْ

اَنْتِ اُخْتِيْ اَنَا عَمُّهُمْ اَنْتَ خَالُهُمَا هُنَّ بَنَاتُكَ

اَنَا جَدُّهُمْ هُوَ اَخِيْ هِيَ بِنْتُكَ اَنْتُنَّ اَخَوَاتُهٗ

أَنَا أَبُوهُ هُمْ إِخْوَتُكُمْ أَنْتِ بِنْتُهَا هُوَ ابْنُكَ
أَنْتُمَا أُخْتَاهَا نَحْنُ بَنَاتُهُ

نوٹ :- أَخَوَانِ - أُخْتَانِ - اِبْنَانِ - بِنْتَانِ کو جب دوسرے اسم کے ساتھ ملاؤ تو نون گرادو۔

عربی میں ترجمہ کرو

میں تیرا بھائی ہوں تو میرا بھائی ہے ہم سب اس کے بیٹے ہیں وہ تمہارا باپ ہے
تم دونوں اُن دونوں کے بھائی ہو تو میری بیٹی ہے میں تجھ عورت کا باپ ہوں
وُہ دونوں تیرے بھائی ہیں وہ میری ماں ہے وُہ سب تم دونوں کی بہنیں ہیں
میں اس مرد کی بیٹی ہوں تم سب عورتیں اُس ایک عورت کی بہنیں ہو تو میرا باپ ہے
تم سب میرے بھائی ہو وُہ سب تیرے بیٹے ہیں

اُردو میں ترجمہ کرو

مِنْ دَارِنَا اِلَى دَارِكُمْ فِي الْمَسْجِدِ سَعِيْدٌ وَاَخُوْهُ لَنَا عَلَيْهِ
دَيْنٌ لِاَبِيْ فَرَسٌ وَاحِدٌ جَدُّهُ شَيْخٌ وَاَخُوْهُ شَابٌّ اُخْتُنَا
مَرِيْضَةٌ وَاُمُّكُمْ صَحِيْحَةٌ لِاَخِيْهِ كِتَابٌ عَجِيْبٌ لَهُ عَلَيَّ
حَقٌّ شُكْرُهُ وَاجِبٌ عَلَيْنَا ثَوْبُكُنَّ نَظِيْفٌ وَثَوْبُهُنَّ كَثِيْفٌ
لَهُ حَاجَةٌ اِلَيْكَ وَلَكَ حَاجَةٌ اِلَيْهِ بِنْتُكِ جَالِسَةٌ وَبِنْتُهَا نَائِمَةٌ

عربی میں ترجمہ کرو

تمہارے گھر سے ہمارے گھر تک مسجد میں رشید ہے اور ہمارا بھائی میری بہن
بیمار ہے اس کا چچا تندرست ہے مجھ کو اس کی طرف حاجت ہے

لغات : فَرَسٌ گھوڑا شَابٌّ جوان صَحِيْحَةٌ تندرست نَظِيْفٌ صاف كَثِيْفٌ میلا

میری بیٹی سوتی ہے — تم دو مردوں کا کپڑا صاف ہے — آپ کا شکر مجھ پر واجب ہے
اُس عورت کا بیٹا جوان ہے — میرا اُن دونوں پر قرض ہے — اُن سب عورتوں کی ماں بیٹھی ہے
اُس کا گھوڑا صبح سے غائب ہے — اُن سب مردوں کا باپ بوڑھا ہے

سبق (۵)
ضمیر منصوب متصل

(مفعول کی وہ ضمیر جو فعل سے ملی ہو)

ضَرَبَنِیْ ضَرَبَنَا ضَرَبَكَ ضَرَبَكُمَا

اس ایک مرد نے مجھ کو مارا — اُس ایک مرد نے ہم کو مارا — اس ایک مرد نے تجھ ایک مرد کو مارا

ضَرَبَكُمْ ضَرَبَكِ ضَرَبَكُمَا ضَرَبَكُنَّ ضَرَبَهٗ

اُس ایک مرد نے تجھ ایک عورت کو مارا — اس ایک مرد نے اس ایک عورت کو مارا

ضَرَبَهُمَا ضَرَبَهُمْ ضَرَبَهَا ضَرَبَهُمَا ضَرَبَهُنَّ

اس ایک مرد نے اس ایک عورت کو مارا

ضَرَبَانِیْ ضَرَبَانَا ضَرَبَاكَ ضَرَبَاكُمَا ضَرَبَاكُمْ آخر تک پڑھو

اُن دو مردوں نے مجھ کو مارا

ضَرَبُوْنِیْ ضَرَبُوْنَا ضَرَبُوْكَ ضَرَبُوْكُمَا ضَرَبُوْكُمْ آخر تک پڑھو

اُن سب مردوں نے مجھ کو مارا

ضَرَبَتْنِیْ ضَرَبَتْنَا ضَرَبَتْكَ ضَرَبَتْكُمَا ضَرَبَتْكُمْ آخر تک پڑھو

اس ایک عورت نے مجھ کو مارا

نوٹ :- ان گردانوں کو پوری پوری طرح مع معنی کے یاد کرو۔ ترجمہ کی اچھی قوت ہو جائیگی ۱۲ منہ

ضَرَبَتَانِيْ ضَرَبَتَانَا ضَرَبَتَاكَ ضَرَبَتَاكُمَا ضَرَبَتَاكُمْ آخر تک پڑھو

اُن دو عورتوں نے مجھ کو مارا

ضَرَبْنَنِيْ ضَرَبْنَنَا ضَرَبْنَكَ ضَرَبْنَكُمَا ضَرَبْنَكُمْ آخر تک پڑھو

اُن سب عورتوں نے مجھ کو مارا

ضَرَبْتَنِيْ ضَرَبْتَنَا ضَرَبْتَهٗ ضَرَبْتَهُمَا ضَرَبْتَهُمْ آخر تک پڑھو

تو ایک مرد نے مجھ کو مارا

ضَرَبْتُمَانِيْ ضَرَبْتُمَانَا ضَرَبْتُمَاهُ ضَرَبْتُمَاهُمَا ضَرَبْتُمَاهُمْ
آخر تک پڑھو

تم دو مردوں نے مجھ کو مارا

ضَرَبْتُمُوْنِيْ ضَرَبْتُمُوْنَا ضَرَبْتُمُوْهُ ضَرَبْتُمُوْهُمَا ضَرَبْتُمُوْهُمْ
آخر تک پڑھو

تم سب مردوں نے مجھ کو مارا

ضَرَبْتِنِيْ ضَرَبْتِنَا ضَرَبْتِهٖ ضَرَبْتِهِمَا ضَرَبْتِهِمْ
آخر تک پڑھو

تو ایک عورت نے مجھ کو مارا

ضَرَبْتُمَانِيْ ضَرَبْتُمَانَا ضَرَبْتُمَاهُ ضَرَبْتُمَاهُمَا ضَرَبْتُمَاهُمْ
آخر تک پڑھو

تم دو عورتوں نے مجھ کو مارا

ضَرَبْتُنَّنِيْ ضَرَبْتُنَّنَا ضَرَبْتُنَّهٗ ضَرَبْتُنَّهُمَا ضَرَبْتُنَّهُمْ
آخر تک پڑھو

تم سب عورتوں نے مجھ کو مارا

ضَرَبْتُكَ ضَرَبْتُكُمَا ضَرَبْتُكُمْ ضَرَبْتُكِ ضَرَبْتُكُمَا
آخر تک پڑھو

میں نے تجھ ایک مرد کو مارا

ضَرَبْنَاكَ ضَرَبْنَاكُمَا ضَرَبْنَاكُمْ ضَرَبْنَاكِ ضَرَبْنَاكُمَا
آخر تک پڑھو

ہم نے تجھ ایک مرد کو مارا

اُردو میں ترجمہ کرو

ضَرَبْتُهَا ضَرَبْتُهُنَّ ضَرَبْتُكُمْ ضَرَبْتُمُوهُمْ ضَرَبْنَاكُمَا
ضَرَبْتُكُنَّ ضَرَبْتُكُمَا ضَرَبَاهُمَا ضَرَبْتُهُ ضَرَبَكَ
ضَرَبْتُمَاهُنَّ ضَرَبَاهُمْ ضَرَبْنَاكُمْ ضَرَبْتُهُنَّ ضَرَبُوهُمْ
ضَرَبْتُمُونَا ضَرَبْنَاكُنَّ ضَرَبْتُهُنَّ ۔ ضَرَبْتُمَاهَا ضَرَبْتَنِي

عربی میں ترجمہ کرو

اُن دو مردوں نے تم سب مردوں کو مارا ہم نے اس عورت کو مارا تم سب عورتوں نے اُن سب مردوں کو مارا اُس ایک عورت نے تم سب مردوں کو مارا تم سب مردوں نے اُن مردوں کو مارا اُن دو مردوں نے تم دو مردوں کو مارا ہم دو مردوں نے ان سب عورتوں کو مارا اُن سب عورتوں نے اُن دو عورتوں کو مارا تم سب عورتوں نے ہم دو عورتوں کو مارا ۔ ہم دو عورتوں نے تم سب عورتوں کو مارا

سبق (۶)

ضمیر منصوب با افعالِ مختلفہ

قَتَلَهُ خَالِدٌ طَلَبَهُمَا الْأَمِيرُ أَخْرَجَهُمُ السُّلْطَانُ
عَرَفَهَا بَكْرٌ تَرَكَهُمَا عَمْرٌو مَتَّعَهُنَّ أَحْمَدُ
نَصَرَكَ مَحْمُودٌ أَخَذَكُمَا وَلِيدٌ مَدَحَكُمْ سَعِيدٌ
أَطْعَمَكِ أَبُوكِ أَخْبَرَكُمَا رَشِيدٌ أَنْذَرَكُنَّ وَلِيدٌ
ضَرَبَنِي زَيْدٌ عَلَّمَنَا رَبُّنَا

لغات :۔ مَدَحَ تعریف کی ۱۲ أَنْذَرَ ڈرایا ۱۲

عربی میں ترجمہ کرو

ان سب عورتوں کو ولید نے پہچانا ان سب مردوں کو بادشاہ نے قتل کیا تجھ ایک مرد کو خالد نے روکا تم سب مردوں کو احمد نے نکالا تم دو مردوں کو امیر نے بلایا اس ایک عورت کو ایک مرد نے خبر دی ہمارے پاس تمہارا خط پہنچا اس ایک مرد کی عمرو نے مدد کی تم سب عورتوں کو زید نے پایا اس ایک مرد کو اس کے بھائی نے مارا تم سب مردوں کی تمہاری قوم نے عزت کی

سبق (۷)

ضمیر منصوب منفصل

(مفعول کی وہ ضمیر جو فعل سے جدا ہو)

اِيَّایَ ضَرَبَ اِيَّانَا ضَرَبَ اِيَّاكَ ضَرَبَ اِيَّاكُمَا ضَرَبَ

مجھی کو مارا اُس ایک مرد نے تجھی ایک مرد کو مارا اس ایک مرد نے

اِيَّاكُمْ ضَرَبَ اِيَّاكِ ضَرَبَ اِيَّاكُمَا ضَرَبَ اِيَّاكُنَّ ضَرَبَ

تجھی ایک عورت کو مارا اس ایک مرد نے

اِيَّاهُ ضَرَبَ اِيَّاهُمَا ضَرَبَ اِيَّاهُمْ ضَرَبَ اِيَّاهَا ضَرَبَ

اسی ایک مرد کو مارا اس ایک مرد نے اسی ایک عورت کو مارا اس ایک مرد نے

اِيَّاهُمَا ضَرَبَ اِيَّاهُنَّ ضَرَبَ

فائدہ

ضمیر منصوب منفصل۔ فعل سے علیحدہ آکر یہ خصوصیت ظاہر کرتی ہے کہ یہ فعل صرف اسی پر واقع ہوا ہے دوسرے پر نہیں۔

اردو میں ترجمہ کرو

إِيَّاهُ قَتَلَ خَالِدٌ إِيَّاهُمَا طَلَبَ الْأَمِيْرُ إِيَّاهُمْ أَخْرَجَ السُّلْطَانُ
إِيَّاهَا عَرَفَ بَكْرٌ إِيَّاهُمَا تَرَكَ عَمْرٌو إِيَّاهُنَّ مَنَعَ أَحْمَدُ
إِيَّاكَ نَصَرَ مَحْمُوْدٌ إِيَّاكُمَا أَخَذَ وَلِيْدٌ إِيَّاكُمْ مَدَحَ سَعِيْدٌ
إِيَّاكِ أَطْعَمَ أَبُوْكِ إِيَّاكُمَا أَخْبَرَ رَشِيْدٌ إِيَّاكُنَّ أَنْذَرَ حَمِيْدٌ
إِيَّايَ ضَرَبَ زَيْدٌ إِيَّانَا عَلَّمَ وَحِيْدٌ

نوٹ :۔ اردو سے عربی میں ترجمہ کرنے کے لیے اردو جملے لکھنے کی ضرورت نہیں سبق ۶ کے اردو جملوں کو ذرا سا بدل کر ضمیر منصوب منفصل کے جملے بناؤ۔ مثلاً اسی ایک مرد کو خالد نے روکا إِيَّاهُ مَنَعَ خَالِدٌ ۔ ہمارے ہی پاس تمہارا خط پہنچا ۔ إِيَّانَا بَلَغَ كِتَابُكَ

سبق (۸)

ماضی معروف

جَاءَ رَجُلٌ جَمَعَا مَالًا أَكَلُوْا طَعَامًا ۔ شَرِبْتَ مَاءً
قَطَعْنَا ثَوْبًا طَلَبْنَ الْخَيْرَ لَبِسْتُ ثَوْبًا جَدِيْدًا ا تَرَكْنَا
بَلَدًا نَزَلْتُمُ الْقَرْيَةَ وَجَدْتِ مَالًا خَرَجْتُمَا مِنَ الدَّارِ
سَمِعْتُنَّ قُرْاٰنًا كَتَبْتُ بِالْقَلَمِ بَلَغْنَا مَنْزِلًا

عربی میں ترجمہ کرو

میں نے مال جمع کیا تو ایک مرد نے کھانا کھایا اُس ایک عورت نے کپڑا پہنا اُس ایک مرد نے پانی پیا تم دو مردوں نے بھلائی چاہی اُن دو عورتوں نے شہر چھوڑا

لغات : ثَوْبٌ ۔ کپڑا ۔ مَاءٌ پانی ۔ لَبِسْتَ تو نے پہنا ۔ قَرْيَةٌ گاؤں ۱۲

تم سب عورتیں گھر سے نکلیں　　تم سب مردوں نے قرآن سنا　　تو ایک عورت گاؤں میں اتری

وہ دو مرد منزل پر پہنچے　　اُن سب عورتوں نے کپڑا کاٹا　　میں نے کتاب لی　　ہم زمین پر بیٹھے

سبق (۹)

ماضی بعید و ماضی قریب

ماضی مطلق پر قَدْ لگانے سے ماضی قریب بنتی ہے اور ماضی میں یقین کے معنی بھی آجاتے ہیں۔ جیسے قَدْ ضَرَبَ بیشک اُس نے مارا ہے قَدْ ضَرَبَا بیشک ان دو مردوں نے مارا ہے قَدْ ضَرَبُوْا بیشک اُن سب مردوں نے مارا ہے۔ پوری گردان یہ ہے قَدْ ضَرَبَ قَدْ ضَرَبَا قَدْ ضَرَبُوْا قَدْ ضَرَبَتْ قَدْ ضَرَبَتَا قَدْ ضَرَبْنَ قَدْ ضَرَبْتَ قَدْ ضَرَبْتُمَا قَدْ ضَرَبْتُمْ قَدْ ضَرَبْتِ قَدْ ضَرَبْتُمَا قَدْ ضَرَبْتُنَّ قَدْ ضَرَبْتُ قَدْ ضَرَبْنَا

ماضی مطلق پر کَانَ لگانے سے ماضی بعید بنتی ہے اور ماضی کے صیغوں کے ساتھ کَانَ کا صیغہ بھی بدلتا رہتا ہے۔ کَانَ کے چودہ ۱۴ صیغے یہ ہیں۔

کَانَ کَانَا کَانُوْا کَانَتْ کَانَتَا کُنَّ کُنْتَ کُنْتُمَا کُنْتُمْ کُنْتِ کُنْتُمَا کُنْتُنَّ کُنْتُ کُنَّا

ماضی بعید کی پوری گردان

کَانَ ضَرَبَ　　کَانَا ضَرَبَا　　کَانُوْا ضَرَبُوْا　　کَانَتْ ضَرَبَتْ

اُس ایک مرد نے مارا تھا　　اس ایک عورت نے مارا تھا

کَانَتَا ضَرَبَتَا　　کُنَّ ضَرَبْنَ　　کُنْتَ ضَرَبْتَ　　کُنْتُمَا ضَرَبْتُمَا

كُنْتُمْ ضَرَبْتُمْ　　كُنْتِ ضَرَبْتِ　　كُنْتُمَا ضَرَبْتُمَا

تو ایک عورت نے مارا تھا

كُنْتُنَّ ضَرَبْتُنَّ　　كُنْتُ ضَرَبْتُ　　كُنَّا ضَرَبْنَا

میں ایک مرد یا ایک عورت نے مارا تھا

اردو میں ترجمہ کرو

كَانَ جَاءَ رَجُلٌ　كَانَا جَمَعَا مَالاً　كَانُوْا اَكَلُوْا طَعَامًا　كَانَتْ شَرِبَتْ مَاءً　كَانَتَا قَطَعَتَا ثَوْبًا　كُنَّ طَلَبْنَ الْخَيْرَ　كُنْتَ لَبِسْتَ ثَوْبًا جَدِيْدًا　كُنْتُمَا تَرَكْتُمَا بَلَدًا　كُنْتُمْ نَزَلْتُمُ الْقَرْيَةَ　كُنْتِ وَجَدْتِّ مَالاً　كُنْتُمَا خَرَجْتُمَا مِنَ الدَّارِ　كُنْتُنَّ سَمِعْتُنَّ قُرْاٰنًا　كُنْتُ كَتَبْتُ بِالْقَلَمِ　كُنَّا بَلَغْنَا مَنْزِلاً

نوٹ :- اردو سے عربی میں ترجمہ کرنے کے لیے اردو جملے لکھنے کی ضرورت نہیں۔ سبق کے اردو جملوں میں حرف "تھا" بڑھا کر ماضی بعید کے عربی جملے بنا لو۔ جیسے میں نے مال جمع کیا تھا، تو ایک مرد نے کھانا کھایا تھا، اُس ایک عورت نے نیا کپڑا پہنا تھا، آخر تک۔

سبق (۱۰)

ماضی با ضمائر مرفوعہ و منصوبہ متصلہ و منفصلہ

اَنَا ضَرَبْتُهٗ بِالْعَصَا　كَانُوْا طَلَبُوْنِیْ　قَدْ اَطْعَمْتَهُمْ　سَأَلْهَا　كُنَّا اَخْرَجْنَاكُمْ　قَدْ اَيْقَظْتَنَا　كُنَّ اَدْخَلْنَكَ　اِيَّاكُنَّ مَنَعَا　كُنْتَ اَكْرَمْتَهُمْ　قَدْ اَنْذَرْتُمُوْهُنَّ　كَانَا طَلَبَاكَ　اَنَا عَلَّمْتُكُمَا　كُنْتُمَا عَرَفْتُمَاهُمْ　اِيَّاهَا اَمَرْنَا　قَدْ اَخْرَجْنَاهُ

إِيَّاهُمْ جَرَّبْنَا هُمَا أَعَانُوكُمْ قَدْ مَنَعَانِي كَانَتْ سَأَلَتْكُمْ

عربی میں ترجمہ کرو

میں نے ہی تم کو جگایا اُن سب مردوں نے مجھ کو داخل کیا ہے تو نے ہی اُن سب عورتوں کو ڈرایا ہم نے تجھ کو بلایا تھا تم سب مردوں نے اس مرد کو مارا تھا ہم نے ہی سب مردوں کو سکھایا ان سب عورتوں نے ہم کو داخل کیا تھا تم سب عورتوں نے اسی ایک مرد سے پوچھا ہے۔ اُن دو مردوں نے تجھ ایک عورت کو ڈرایا بیشک میں نے اُن دو مردوں کو بلایا اس ایک عورت نے تم سب مردوں کو پہچانا تم سب عورتوں نے اس عورت کو حکم کیا ہے

فائدہ ضمیر مرفوع منفصل۔ فعل سے علیحدہ آکر یہ خصوصیت ظاہر کرتی ہے کہ یہ فعل اسی سے ہُوا ہے دوسرے سے نہیں۔

سبق (۱۱)

ماضی مجہول

قُتِلَ زَيْدٌ فِي الطَّرِيقِ أُخْرِجَا مِنَ الدَّارِ مَا طُلِبُوا فِي خِدْمَةِ الْأَمِيرِ قُضِيَتْ صَلوٰةُ الْجُمُعَةِ مَا مُنِعْنَا مِنَ الْخُرُوجِ أُدْخِلْنَ فِي الْبَيْتِ مَا ضُرِبْتَ بِالْعَصَا أُكْرِمْتُمَا فِي النَّاسِ ظُلِمْتُمْ بِغَيْرِ حَقٍّ مَا عُرِفْتِ فِي النِّسَاءِ تُرِكْتُمَا فِي الدَّارِ أُمِرْتُنَّ بِالْحِجَابِ أُوتِيتُ عِلْمًا عُلِّمْنَا قُرْآنًا۔

عربی میں ترجمہ کرو

تو ایک مرد لوگوں کے درمیان پہچانا گیا ہم ناحق ظلم کیے گئے وہ سب عورتیں پردہ کا حکم کی گئیں

لغات قُضِيَتْ کی گئی نِسَاءٌ عورتیں حِجَابٌ پردہ أُوتِيتُ میں دیا گیا ۱۲

تم سب عورتیں قرآن سکھائی گئیں تم سب مرد امیر کی خدمت میں طلب نہیں کیے گئے وہ ایک مرد نکلنے سے روکا گیا وہ ایک عورت گھر میں داخل کی گئی وہ دو مرد لاٹھی سے نہیں مارے گئے ۔ میں لوگوں میں عزت دیا گیا۔

سبق (۱۲)

مضارع

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ نَسْتَغْفِرُهٗ نُؤْمِنُ بِهٖ
نَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ نَشْكُرُهٗ وَلَا نَكْفُرُهٗ يَدْخُلُوْنَ فِي الْإِسْلَامِ
تُنْفِقُوْنَ أَمْوَالَكُمْ اِجْتَنِبُوْا الْكَبَائِرَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ سَوْفَ
تَعْلَمُوْنَ لَا تَجْلِسِيْنَ عَلَى الْأَرْضِ يَقْتُلَانِ رَجُلًا أَذْهَبُ
إِلَى دَارِيْ يَأْكُلُوْنَ أَمْوَالَ الْيَتَامٰى لَا يَنْصُرُنَا أَحَدٌ
نَشْرَبَانِ مَاءً لَا نَخَافُ أَحَدًا إِلَّا اللّٰهَ أَخْرَجُوْنَا مِنْ بُيُوْتِهِمْ
ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ
كِتَابًا تُسْئَلُوْنَ عَنْ أَعْمَالِكُمْ أُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ
يَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ تَمْنَعِيْنَ مِنَ
الْخُرُوْجِ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ

عربی میں ترجمہ کرو

وہ سب لوگ پانی پیتے ہیں میں کسی کو نہیں ماروں گا تو ایک عورت نکلنے سے روکی جائے گی وہ ایک عورت کھانا کھائے گی وہ سب عورتیں قرآن سنتی ہیں۔ وہ دو عورتیں گھر سے نہیں نکلتیں وہ ایک مرد کسی سے نہیں ڈرتا ہے وہ لوگ تجھ کو

پہچانتے ہیں میں ان کو نہیں پہچانتا ہم سبق پڑھتے ہیں میں تجھ کو قرآن سکھاؤں گا تم سب ناحق ظلم نہیں کیے جاؤ گے تجھے کوئی نہیں مارے گا تم لوگ راستہ میں مارے جاؤ گے وہ لوگ مجھ سے ڈرتے ہیں تو لوگوں میں پہچانا جائے گا تو نے مجھ کو بلایا تھا وہ لوگ اپنے گھروں سے نکالے گئے ۔

سبق (۱۳)

ماضی ناتمام

كَانَ يَضْرِبُ كَانَا يَضْرِبَانِ كَانُوْا يَضْرِبُوْنَ كَانَتْ تَضْرِبُ
كَانَتَا تَضْرِبَانِ كُنَّ يَضْرِبْنَ كُنْتَ تَضْرِبُ كُنْتُمَا تَضْرِبَانِ
كُنْتُمْ تَضْرِبُوْنَ كُنْتِ تَضْرِبِيْنَ كُنْتُمَا تَضْرِبَانِ كُنْتُنَّ تَضْرِبْنَ
كُنْتُ اَضْرِبُ كُنَّا نَضْرِبُ

اردو میں ترجمہ کرو

كَانَ يَذْهَبُ اِلَى الْمَسْجِدِ كَانَا يَجْمَعَانِ مَالًا كَانُوْا يَاْكُلُوْنَ طَعَامًا كَانَتْ لَا تَشْرَبُ مَاءً كَانَتَا لَا تَدْخُلَانِ الدَّارَ كُنَّ لَا يَقْطَعْنَ ثَوْبًا كُنْتَ تَفْتَحُ الْبَابَ كُنْتُمَا تَطْلُبَانِ دِرْهَمًا كُنْتُمْ تَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ كُنْتِ تَغْسِلِيْنَ فِرَاشًا كُنْتُمَا لَا تَخْرُجَانِ مِنَ الدَّارِ كُنْتُنَّ تَسْمَعْنَ كَلَامِيْ كُنْتُ اَكْتُبُ بِالْقَلَمِ كُنَّا نَنْصُرُ الْقَوْمَ

عربی میں ترجمہ کرو

میں پانی پیتا تھا   وُہ ایک مرد مسجد میں داخل ہوتا تھا   تم سب مرد قرآن سنتے تھے
وہ سب عورتیں کپڑا دھوتی تھیں   تو ایک عورت دروازہ کھولتی تھی   ہم کھانا کھاتے
تھے ۔ وُہ دو مرد میری بات سنتے تھے   تم دو مرد قلم سے لکھتے تھے   وُہ دو
مرد قرآن پڑھتے تھے   تم سب عورتیں پانی پیتی تھیں   تو ایک مرد قوم کی مدد کرتا تھا
وُہ ایک عورت گھر سے نہیں نکلتی تھی

سبق (۱۴)

ماضی احتمالی و ماضی تمنّائی

ماضی مطلق پر لفظ لَعَلَّمَا زیادہ کرنے سے ماضی احتمالی بن جاتی ہے۔ جیسے لَعَلَّمَا ضَرَبَ اس ایک مرد نے مارا ہوگا اور لفظ لَيْتَمَا زیادہ کرنے سے ماضی تمنائی بن جاتی ہے جیسے لَيْتَمَا ضَرَبَ کاش مارتا وُہ ایک مرد۔

ان دونوں ماضیوں کی مشق کے لیے ہمیں بہت سے جملے لکھنے کی ضرورت نہیں۔ تم خود ہی سبق نمبر ۲ کے ماضی مطلق کے صیغوں پر لفظ لَعَلَّمَا وَ لَيْتَمَا لگا کر ماضی احتمالی و تمنائی کے صیغوں کی مشق کر لو۔ ہاں تین تین صیغے نمونے کے لکھے دیتے ہیں تاکہ خوب سمجھ میں آجائے۔

ماضی احتمالی کے عربی جملے لَعَلَّمَا ذَهَبَ زَيْدٌ۔ لَعَلَّمَا ضَرَبْتَ زَيْدًا۔ لَعَلَّمَا اَكَلْتِ طَعَامًا۔ ماضی تمنائی کے عربی جملے لَيْتَمَا شَرِبْتَ لَبَنًا۔ لَيْتَمَا سَمِعُوْا قُرْاٰنًا۔ لَيْتَمَا دَخَلْتُمُ الْمَسْجِدَ

اُردو جملے۔ ان دو مردوں نے مال جمع کیا ہوگا۔ کاش وہ میری بات سنتے۔ تم دو عورتیں نکلی ہوں گی کاش ہم قرآن پڑھتے۔ ان سب عورتوں نے دروازہ کھولا ہوگا۔ کاش وُہ ایک عورت گھر میں بیٹھتی۔

سبق (١٥)

اپنا

يَذْهَبُ اِلٰى دَارِهٖ　يَذْهَبَانِ اِلٰى دَارِهِمَا　يَذْهَبُوْنَ اِلٰى دَارِهِمْ

تَذْهَبُ اِلٰى دَارِهَا　تَذْهَبَانِ اِلٰى دَارِهِمَا　يَذْهَبْنَ اِلٰى دَارِهِنَّ

تَذْهَبُ اِلٰى دَارِكَ　تَذْهَبَانِ اِلٰى دَارِكُمَا　تَذْهَبُوْنَ اِلٰى دَارِكُمْ

تَذْهَبِيْنَ اِلٰى دَارِكِ　تَذْهَبَانِ اِلٰى دَارِكُمَا　تَذْهَبْنَ اِلٰى دَارِكُنَّ

اَذْهَبُ اِلٰى دَارِيْ　نَذْهَبُ اِلٰى دَارِنَا

اردو میں ترجمہ کرو

بَاعَ فَرَسَهٗ　ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ　تَرَكْنَا بَلَدَنَا　اَنْكَحُوْا اَوْلَادَهُمْ

نَخَافُ رَبَّنَا　بَدَّلْنَا ثِيَابَهُنَّ　اَقْرَاُ دَرْسِيْ　مَا ضَرَبْتَ اَخَاكَ

لَا تَخْرُجْنَ مِنْ بُيُوْتِكُنَّ　مَا ذَهَبَا اِلٰى دَارِهِمَا　لَبِسَتْ ثَوْبَهَا

وَجَدْتُمَا مُرَادَكُمَا　دَخَلَتَا فِيْ دَارِهِمَا　تَخْرُجِيْنَ مِنْ بَيْتِكُنَّ

اَذْهَبْتَ كِتَابَكَ

عربی میں ترجمہ کرو

میں نے اپنا گھوڑا بیچ ڈالا　ان لوگوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا　ان سب عورتوں نے اپنا شہر نہیں چھوڑا　تونے اپنی اولاد کا نکاح کیا　وہ ایک مرد اپنے رب سے ڈرتا ہے　تم دو مردوں نے اپنا کپڑا پہنا　تو ایک مرد اپنا سبق پڑھتا تھا　میں اپنے بھائی کو نہیں ماروں گا　وہ دو مرد اپنے

ف :۔ اس سبق سے ہمیں یہ بتانا مقصود ہے کہ اپنے کے لیے جیسا فعل ہوگا ویسی ہی ضمیر لائی جائیگی بعض لوگ کم فہمی سے ہمیشہ اپنے کے لیے ضمیر یائے متکلم لاتے ہیں یہ بہت بڑی غلطی ہے ١٢ منہ۔

گھر نہیں جائیں گے　　وہ دو عورتیں اپنے گھر میں داخل ہوں گی

سبق (۱۶)

مضارع با لَن

لَنْ يَّدْخُلَ الْبَلَدَ　لَنْ اَسْمَعَ كَلَامَكَ　لَنْ يَّذْهَبَا اِلَى السُّوْقِ
لَنْ اَشْرَبَ الْخَمْرَ　لَنْ نَجْلِسَ مَعَ الْفُسَّاقِ　لَنْ يَخْرُجْنَ مِنَ الدَّارِ
لَنْ تَدْخُلِيْ فِي الْبَيْتِ　لَنْ نُشْرِكَ بِرَبِّنَا اَحَدًا　لَنْ يَجْتَنِبُوْا صُحْبَةَ
الصّٰلِحِيْنَ　لَنْ يَفِرُّوْا خَلْفَهُمْ　لَنْ تَأْخُذْنَا　لَنْ نَنْظُرَ اِلَيْهِ
لَنْ تُضْرَبَ الْيَوْمَ　لَنْ اَبِيْعَ فَرَسِيْ　لَنْ تَتْرُكْنَ فِي الدَّارِ

عربی میں ترجمہ کرو

میں ہرگز تیرا خط نہیں پڑھوں گا　وہ لوگ ہرگز شہر میں داخل نہ ہوں گے　ہم ہرگز تیری مدد نہ کریں گے　تم لوگ ہرگز مجھ کو نہ پہچانو گے　وہ دو مرد تیرے پیچھے ہرگز نہ بھاگیں گے　تم دو مرد ہرگز مجھ کو نہ پکڑو گے　وہ سب عورتیں ہرگز گھر نہ چھوڑیں گی　ہم ہرگز اُس کی بات نہ سنیں گے　تو ایک مرد ہرگز لاٹھی سے نہ مارا جائے گا　تو ایک عورت ہرگز نکلنے سے نہ روکی جائے گی　وہ ایک عورت ہرگز نکلنے سے نہ روکی جائیگی

سبق (۱۷)

مضارع با لَم

لَمْ يَنْصُرْنِيْ اَحَدٌ　لَمْ يَسْمَعُوْا كَلَامِيْ　لَمْ تَدْخُلِيْ فِي الدَّارِ

لَمْ یَخْرُجْنَ مِنَ الْبَیْتِ لَمْ نَشْرَبْ خَمْرًا لَمْ تَعْرِفْ فِی النَّاسِ
لَمْ یَذْهَبَا اِلَی الْمَدِیْنَةِ لَمْ اَرْقُدْ عَلَی الْحَصِیْرِ
لَمْ تَعْرِفِیْ اَخَاكِ لَمْ یُوْقِظْنِیْ اِلَی الصَّلٰوةِ لَمْ تَسْئَلَا عَنْهُ
لَمْ نَغْسِلْنَ ثِیَابَكُنَّ لَمْ تُعَلِّمُوْنَا قُرْاٰنًا لَمْ یَنَامَا قَبْلَ
صَلٰوةِ الْعِشَاءِ لَمْ نُخْلَقْ اِلَّا لِلْعِبَادَةِ

عربی میں ترجمہ کرو

تو نے مجھے نہیں مارا میں نے تجھے نہیں مارا اس کا بھائی نہیں گیا میں عشا کی نماز سے پہلے نہیں سویا تم سب مردوں نے شراب نہیں پی اُن دو مردوں نے اُس ایک مرد کو قرآن نہیں سکھایا ان لوگوں نے مجھ کو نماز کے واسطے نہیں جگایا تو ایک عورت گھر سے نہیں نکلی تم سب عورتوں نے میری بات نہیں سُنی تم دو مردوں نے مجھ کو نہیں روکا وُہ دو عورتیں گھر میں داخل نہیں ہوئیں اُن سب عورتوں نے قرآن نہیں سنا

سبق (۱۸)

نون تاکید

لَاَقْرَءَنَّ كِتَابِیْ لَیَدْخُلَنَّ فِی الْاِسْلَامِ لَتَشْرَبَنَّ لَبَنًا
لَنَنْصُرَنَّ قَوْمَنَا لَتَعْلَمُنَّ عِلْمَ الْیَقِیْنِ لَنُعَلِّمَنَّكَ قُرْاٰنًا
لَتَعْرِفِنَّ فِی النِّسَاءِ لَیَدْخُلَانِّ فِی الْبَیْتِ لَتَسْمَعْنَانِّ كَلَامِیْ
لَتُسْئَلُنَّ عَنْ اَعْمَالِكُمْ لَیُقْتَلُنَّ فِی الطَّرِیْقِ ۔

لغات: خَمْرٌ شراب ۔ لَمْ اَرْقُدْ میں نہیں سویا حَصِیْرٌ چٹائی ۱۲

لَتُتْرَکَانِ فِی الْبَلَدِ لَاَضْرِبَنَّکَ بِالْعَصَا لَیَاْکُلْنَّ طَعَامًا
لَنَأْمُرَنَّ اَوْلَادَنَا بِالصَّلٰوۃِ لَتُطْلَبُنَّ فِیْ خِدْمَۃِ الْاَمِیْرِ۔
لَاُعْطِیَنَّکَ دِرْھَمًا لَنُرْسِلَنَّ اِلَیْکُمْ کِتَابًا

عربی میں ترجمہ کرو

ہم ضرور بالضرور اپنی کتاب پڑھیں گے تو ضرور بالضرور منزل پر پہنچے گا وہ لوگ ضرور بالضرور میرے پاس خط بھیجیں گے تم ضرور بالضرور اپنی قوم کی مدد کروگے تم سب عورتیں ضرور بالضرور دن میں پہچانی جاؤ گی وہ سب عورتیں ضرور بالضرور اپنے کپڑے دھوئیں گی۔ تم دو مرد ضرور بالضرور کل کو مارے جاؤ گے وہ دو مرد ضرور بالضرور اپنی کی خدمت میں طلب کیے جائینگے میں ضرور بالضرور تجھ کو نماز کے واسطے جگاؤں گا تو ایک عورت ضرور بالضرور کھانا کھائے گی

سبق (۱۹)

امر و نہی

اُعْبُدُوا اللّٰہَ لَاتُشْرِکُوْا بِہٖ شَیْئًا لَاتَرْفَعُوْا اَصْوَاتَکُمْ
لِیَعْبُدُوْا رَبَّھُمْ اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ اٰتُوا الزَّکٰوۃَ اَنْفِقُوْا
مِمَّا رَزَقَکُمُ اللّٰہُ لَاتَعْبُدُوا الْاَصْنَامَ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا
اُنْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ اِشْرَبَنَّ لَبَنًا لَاتَشْرَبَنَّ خَمْرًا
لَاتَفْتَحَنَّ الْبَابَ بِعْ فَرَسَکَ لَاتَبِیْعَنَّ کِتَابَکَ لَاتَنْشُرِ
الْکَلْبَ لِیَغْسِلْنَ ثِیَابَھُنَّ اُذْکُرُوا اللّٰہَ

لغات :- صَوْتٌ آواز ، اٰتُوْا تم دو، صَنَمٌ بُت ۱۲

لِيُقِيمُوا الصَّلٰوةَ   لَاتَضْرِبَنَّ اَخَاكَ   اِمْنَعَنَّ بِنْتَكِ مِنَ اللَّعِبِ
كُلُوا وَاشْرَبُوا وَلَاتُسْرِفُوا   لَاتَضْرِبِي وَلَدَكِ اِغْسِلُوا
وُجُوهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ

عربی میں ترجمہ کرو

چاہیئے کہ وہ لوگ اپنے مال خرچ کریں   تو بازار مت جا   چاہیے کہ وہ ایک مرد ضرور اپنا کپڑا دھوئے   تو میری طرف لوٹ   تو اپنے بیٹے کو ہرگز مت مار   تو ایک عورت ضرور گھر میں داخل ہو   وہ ایک مرد ہرگز اپنے گھر نہ جائے .تم سب مرد ہرگز نمازِ عشا سے پہلے نہ سوؤ   چاہیئے کہ وہ سب عورتیں ضرور قرآن سنیں   تم دو مرد ضرور اپنے دشمن کو مارو   تو ایک مرد ہرگز یتیموں کا مال مت کھا۔ چاہیئے کہ وہ سب مرد ہرگز شراب نہ پئیں   چاہیئے کہ وہ سب مرد ضرور دودھ پئیں   چاہیے کہ میں ضرور اپنی کتاب پڑھوں   چاہیے کہ وہ دو مرد ضرور اپنے گھر واپس ہوں

سبق (۲۰)

افعالِ ناقصہ

كَانَ اللّٰهُ عَلِيمًا حَكِيمًا   لَمْ يَزَلْ وَلَا يَزَالُ حَيًّا قَيُّومًا   لَاتَزَالُ طَائِفَةٌ عَلَى الْحَقِّ   اَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ   اَصْبَحْتُ صَائِمًا وَاَمْسَيْتُ مُفْطِرًا   صَارَ الضِّيَاءُ ظَلَامًا   اَمْسٰى زَيْدٌ نَادِمًا   صِرْتُ مَرِيضًا   بَاتَ عَمْرٌو بَاكِيًا   ظَلَّ بَكْرٌ ضَاحِكًا   لَسْتَ عَاقِلًا   اَنَا جَالِسٌ مَا دُمْتَ اٰكِلًا

لغات: طَائِفَةٌ جماعت، جٰثِمِيْنَ اوندھے منہ گرے ہوئے، ظَلَامٌ اندھیرا، ظَلَّ دن کو ہوا، بَاتَ رات کو ہوا۔

لَیْسَ رَشِیْدٌ عَالِمًا　　بِتْنَا مَسْرُوْرِیْنَ

عربی میں ترجمہ کرو

تم ہمیشہ سے جھوٹے ہو　ہم ہمیشہ سے سچے ہیں　جوان بوڑھا ہوگیا　میں ڈرنے والا نہیں ہوں　کرتہ میلا ہوگیا　وہ لوگ متکبر تھے　وہ عورت خوبصورت تھی　وہ عورتیں نیک تھیں　ہم جاہل نہیں ہیں　میں نے خوشی کی حالت میں صبح کی　تو نے رنج کی حالت میں شام کی۔　میں چپ ہوں جب تک تو کلام کرتا رہے گا　میں ہمیشہ سے حق پر ہوں

سبق (۲۱)

حال

تَکَلَّمَ عَمْرٌو ضَاحِکًا　جَلَسَ بَکْرٌ سَاکِتًا　ذَهَبَ خَالِدٌ بَاکِیًا　رَجَعْنَا مِنَ الْهِنْدِ سَالِمِیْنَ　فَرَرْتُمْ خَائِفِیْنَ　دَخَلُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اٰمِنِیْنَ　نِمْتُ جَائِعًا　تَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ نَاظِرًا۔　لَقِیْتُ سَعِیْدًا وَهُوَ رَاکِبٌ　اَتَانِیْ خَالِدٌ وَالْخَادِمُ مَعَهٗ　سَافَرَ رَشِیْدٌ رَاجِلًا　ضَرَبْتُ زَیْدًا مَشْدُوْدًا

عربی میں ترجمہ کرو

زید نے کھڑے ہو کر نماز پڑھی　میں نے بیٹھ کر قرآن پڑھا　عمرو روتا ہوا نیند سے جاگا　خالد سر کھولے ہوئے میرے پاس آیا　میں نے اور بکر نے کھڑے ہوئے بات کی　زید ایسے حال میں میرے پاس آیا کہ میں نماز پڑھ رہا تھا　تو کھڑا ہو کر پیشاب نہ کر　وہ لوگ حجاز سے کامیاب واپس ہوئے　تم مسجد حرام میں امن کے ساتھ داخل ہوگے

وہ لوگ گھر سے مہاجر بن کر نکلے میرے پاس سعید سوار ہو کر آیا۔ ان عورتوں نے روتے ہوئے باتیں کیں ہم نے خوشی سے بسر کی وہ لوگ ڈر کر بھاگ گئے

سبق (۲۲)

تمیز

زَيْدٌ أَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا خَالِدٌ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِنِّي سَعِيْدٌ شَرِيْفٌ نَسَبًا حَمِيْدٌ أَكْبَرُ سِنًّا هُمْ أَخْسَرُوْنَ أَعْمَالًا أَخُوْنَا أَفْضَلُ عِلْمًا وَحِلْمًا عِنْدِيْ رِطْلٌ عَسَلًا رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا لِزَيْدٍ خَمْسَةَ عَشَرَ خَادِمًا . جَاءَ سَبْعَةَ عَشَرَ رَجُلًا اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ ثَوَابًا وَأَعْظَمُ أَجْرًا

عربی میں ترجمہ کرو

آپ مجھ سے علم میں زیادہ ہیں میں آپ سے عمر میں چھوٹا ہوں وہ ایک مرد عمل کے اعتبار سے نیک ہے سعید ادب کے اعتبار سے اچھا ہے حمید عقل کے لحاظ سے وحید سے زیادہ ہے بکر دین کے لحاظ سے بزرگ ہے اور خالد مال کے لحاظ سے نسب پر نظر کرو تو سلیم شریف ہے اور علم کا خیال کرو تو سعید افضل ہے کاغذ کو دیکھیں تو یہ کتاب اچھی ہے اور لکھائی کو دیکھیں تو یہ رسالہ عمدہ ہے۔

سبق (۲۳)

اسمائے موصولہ

اَلْكِتَابُ الَّذِیْ عِنْدِیْ اَحْسَنُ مِنَ الَّذِیْ عِنْدَكَ اَلْبِنْتُ الَّتِیْ
رَاَيْتُهَا اَمْسِ جَمِيْلَةٌ اَلطِّفْلَانِ اللَّذَانِ فِی الْمَكْتَبِ صَالِحَانِ اَلْبِنْتَانِ
اَللَّتَانِ فِی الْمَدْرَسَةِ ذَكِيَّتَانِ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمُ الْجَنَّةُ ۔
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمُ النَّارُ اَلنِّسَاءُ الّٰتِیْ فِی الْبُيُوْتِ صَالِحَاتٌ
وَالّٰتِیْ فِی الْاَسْوَاقِ فَاجِرَاتٌ سَلِّمْ عَلٰی مَنْ لَقِيْتَهٗ لَا تُطِعْ
مَنْ عَصَی اللّٰهَ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ لَا يُرْحَمُ
مَنْ لَا يَرْحَمُ اَنَا كَاتِبٌ مَا اَنْتَ كَاتِبٌ قَرَاْتُ مَا كَتَبْتَ تَقُوْلُوْنَ
مَا لَا تَفْعَلُوْنَ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ

عربی میں ترجمہ کرو

وہ لڑکا جس نے تیری کتاب گم کردی ہے حاضر ہے جس لڑکی کی تم نے قرأت سنی ہے میری بہن ہے وہ دو شخص جو مسجد میں ہیں نیک ہیں وہ دو رسالے جو میں نے خریدے ہیں مفید ہیں جو تجھے مارے تو اسے مار اور جو تجھ پر رحم کرے تو اس پر رحم کر جو تو خریدے گا وہی میں خریدوں گا بہتر وہ شخص ہے جو لوگوں کو نفع پہنچائے جن عورتوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک نہیں کیا ان کے واسطے جنت ہے اور جن عورتوں نے شرک کیا ان کے واسطے دوزخ ہے جو تجھے مصیبت پہنچے اس پر صبر کر

سبق (٢٤)

اسمائے اشارہ

هٰذَا الْكِتَابُ جَيِّدٌ وَهٰذِهِ الرِّسَالَةُ رَدِيْئَةٌ ذٰلِكَ الطِّفْلُ شَرِيْرٌ

وَتِلْكَ الْبِنْتُ صَالِحَةٌ هٰذَانِ الطِّفْلَانِ صَالِحَانِ وَهَاتَانِ الْبِنْتَانِ ذَكِيَّتَانِ ذَانِكَ الرَّجُلَانِ مُسَافِرَانِ وَتَانِكَ الْمَرْاَتَانِ مُقِيْمَتَانِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هٰٓؤُلَاءِ اَهْلُ الْاِسْلَامِ سُوَالُ هٰذَيْنِ الطِّفْلَيْنِ مُشْكِلٌ وَجَوَابُ ذَيْنِكَ الرَّجُلَيْنِ صَحِيْحٌ خَطُّ هَاتَيْنِ الْاُخْتَيْنِ جَمِيْلٌ وَكِتَابُ تَيْنِكَ الْبِنْتَيْنِ عَجِيْبٌ

عربی میں ترجمہ کرو

یہ مسجد بڑی ہے اور وُہ مدرسہ چھوٹا ہے یہ دونوں لڑکیاں نیک ہیں وُہ سب لوگ علم والے ہیں وہ عورت مسافر ہے اور یہ عورت مقیم ہے وُہ دو لڑکے بدچلن ہیں ان دو لڑکیوں کا خط اچھا ہے یہ لوگ زید کی قوم ہے وُہ لوگ عمرو کے دشمن ہیں یہ دوات اچھی ہے اور وُہ کاغذ خراب ہے ان دونوں بہنوں کا چچا سوداگر ہے۔ یہ وُہ شخص ہے جس نے میری چھتری چرائی ہے

سبق (۲۵)

اسمائے ظروف

اَنَا مُسَافِرٌ غَدًا كُنْتُ غَائِبًا اَمْسِ اٰتَيْنَاهُ مِنْ لَّدُنَّا دِيْنَارًا زَيْدٌ حَاضِرٌ مِنْ قَبْلُ مَتٰى اَزُوْرُكَ بَعْدُ فَوْقَ الشَّجَرِ طَائِرٌ تَحْتَ الْحَصِيْرِ تُرَابٌ وَسْطَ الْجَنَّةِ اَشْجَارٌ عِنْدَ بَيْتِنَا مَسْجِدٌ كَبِيْرٌ لَدَى الْبَابِ طِفْلٌ صَغِيْرٌ وَرَاءَ الْجَبَلِ

نَهْرٌ عَظِيمٌ   اَنَا جَالِسٌ لَدَيْكَ   هَلْ سَعِيدٌ هٰهُنَا اَمْ فِي الْبَيْتِ
لَا هٰهُنَا وَلَا هُنَاكَ   جَاءَ رَشِيدٌ قَبْلَ وَحِيدٍ   مَا رَأَيْتُهُ قَبْلَ
هٰذَا   هٰهُنَا رَشِيدٌ وَثَمَّ وَحِيدٌ   اَمَامَ الْبَيْتِ جُنَيْنَةٌ
عَجِيبَةٌ   خَلْفَ الْجِدَارِ كَلْبٌ وَهِرَّةٌ

عربی میں ترجمہ کرو

مسجد کے پاس مدرسہ ہے   مدرسہ میں بڑا دروازہ ہے   دروازہ کے سامنے
کشادہ راستہ ہے   راستہ کے درمیان پتھر ہیں   میں درخت کے نیچے بیٹھا ہوں
اور میرے پیچھے کتا کھڑا ہے   پہاڑ کے اوپر ہرے بھرے درخت ہیں   میں تین
روز کے بعد واپس ہوں گا   سعید پہلے ہی سے غائب ہے   کیا حمید یہاں ہے
یا وہاں   رشید سے پہلے وحید گیا   نہر کے اُس پار عجیب باغیچہ ہے   اور اس
کے درمیان گہرا حوض ہے   حوض میں مچھلی ہے اور مینڈک ہے

سبق (۲۶)

اعداد

لِزَيْدٍ اَحَدَ عَشَرَ فَرَسًا وَاِحْدٰى عَشْرَةَ نَاقَةً   لِسَعِيدٍ اثْنَا عَشَرَ
خَادِمًا وَاثْنَتَا عَشْرَةَ خَادِمَةً   لِوَحِيدٍ ثَلٰثَةَ عَشَرَ دِينَارًا وَاَرْبَعَ
عَشْرَةَ دُرَيْبَةً   فِي جَمَاعَتِنَا خَمْسَةٌ وَعِشْرُونَ طِفْلًا وَسِتٌّ وَعِشْرُونَ
بِنْتًا   فِي الْبَلْدَةِ تِسْعَةَ عَشَرَ مَسْجِدًا وَعِشْرُونَ مَدْرَسَةً
فِي الصُّنْدُوقِ اَحَدٌ وَعِشْرُونَ كِتَابًا وَاِحْدٰى وَعِشْرُونَ

رِسَالَةً عِنْدِیْ اِثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ دِرْهَمًا وَاِثْنَتَانِ وَعِشْرُوْنَ رُبِيَّةً فِیْ هٰذَا الْبَلَدِ ثَلٰثُوْنَ حَارَةً وَاَرْبَعُوْنَ زِقَاقًا ۔

عربی میں ترجمہ کرو

حمید کے پاس سولہ[۱۶] اونٹنی اور سترہ[۱۷] گھوڑے ہیں   مدرسہ میں چھتیس[۳۶] لڑکے اور اُنیس[۱۹] لڑکیاں ہیں   اس گاؤں میں سڑسٹھ[۶۷] مرد اور پچپن[۵۵] عورتیں ہیں   صندوق میں گیارہ[۱۱] کتابیں اور بارہ[۱۲] رسالے ہیں   شہر میں پچھتر[۷۵] گلیاں بیس[۲۰] محلے پندرہ[۱۵] بازار چھبیس[۲۶] مسجدیں اور تیرہ[۱۳] مدرسے ہیں   زید کے چودہ[۱۴] بھائی پندرہ[۱۵] بہن اور سولہ[۱۶] لڑکیاں ہیں   ہمارے پاس چوالیس[۴۴] اونٹ، ستر[۷۰] بکریاں پینسٹھ[۶۵] گائے چوراسی[۸۴] مرغیاں اور اٹھارہ[۱۸] مرغ ہیں۔

سبق (۲۷)

استفهام

مَاذَا   كَمْ   مَا   مَنْ   اَیٌّ   اَیْشْ

کیا   کتنا   کیا   کون   کس۔کونسا   کیا

كَمْ عُمْرُكَ   بِكَمْ هٰذِهِ الدُّجَاجَةُ   كَمْ دِرْهَمًا عِنْدَكَ

كَمْ يَوْمًا مَضٰى مِنْ هٰذَا الشَّهْرِ   كَمْ سَاعَةً بَقِيَتْ مِنَ النَّهَارِ

مَا اِسْمُكَ   مَا فِیْ يَدِكَ   مَا هٰذَا   مَاذَا تَقْرَأُ   اَيْشْ هٰذَا

اَيْشْ تُرِيْدُ مِنِّیْ   مَنْ اَنْتَ   مَنْ فِی الْبَيْتِ   مَنْ قَالَ لَكَ

مَنْ سَرَقَ شَمْسِيَّتِیْ   مَنِ الَّذِیْ ضَرَبَكَ   قَلَمِیْ عِنْدَ مَنْ   لِمَنْ هٰذَا الْكِتَابُ   فِیْ اَیِّ دَارٍ تَسْكُنُ

اَیُّ کِتَابٍ هٰذَا لِاَیِّ سَبَبٍ تَبْكِیْ اَنْتَ فِیْ اَیِّ شُغْلٍ۔
اَیُّهُمَا تُرِیْدُ لِاَیِّهِمْ هٰذِهِ الْاَقْلَامُ اَیُّ الْکِتَابَیْنِ اَفْضَلُ
اَیُّ رِسَالَۃٍ هٰذِهٖ مِنْ اَیِّ بِلَادٍ اَنْتَ۔

عربی میں ترجمہ کرو

تمہارے بھائی کی کتنی عمر ہے زید کے پاس کتنے گھوڑے ہیں اس سال کے کتنے مہینے گزر چکے ہیں گھر میں کتنے مرد اور کتنی عورتیں ہیں تمہارے کتنے لڑکے ہیں اس صندوق میں کتنی کتابیں ہیں تمہارے باپ کا کیا نام ہے تم کیا لکھتے ہو وہ وہاں کیا کرتا ہے گھر سے کون نکلا میری کتاب کس نے لی یہ گھوڑا کس کا ہے تجھے کون بلاتا ہے کون ہے جو مسجد کے سامنے کھڑا ہے ان کا گھر کونسا ہے یہ کتاب ان میں سے کس کی ہے

سبق (۲۸)

استفہام

اَیْنَ	مَتٰی	کَیْفَ	هَلْ	اَ	لِمَ
کہاں	کب	کیسے	کیا	کیا	کیوں

اَیْنَ دَارُكَ مِنْ اَیْنَ جِئْتَ اَیْنَ یُوْجَدُ اللَّحْمُ اَیْنَ یُوْجَدُ الثَّوْبُ اَیْنَ ذَهَبَ اَخُوْكَ مِنْ اَیْنَ لَكَ هٰذَا التُّفَّاحُ اَیْنَ کِتَابِیْ مَتٰی تُفْتَحُ الْمَدْرَسَۃُ مَتٰی یَجِیْئُ الْمُعَلِّمُ مَتٰی یَکُوْنُ الْعِیْدُ مَتٰی نَصِلُ اِلٰی مَکَّۃَ مَتٰی نَرْجِعُ مِنْ هُنَاكَ مَتٰی نَصْرُ اللّٰهِ مَتٰی تَقُوْمُ السَّاعَۃُ کَیْفَ حَالُكَ

كَيْفَ تَمْضِي الْاَيَّامُ كَيْفَ خَرَجْتَ مِنَ السِّجْنِ كَيْفَ ذَهَبْنَ
اِلٰى بُيُوْتِهِنَّ كَيْفَ رُفِعَتِ السَّمَاءُ كَيْفَ سُطِحَتِ الْاَرْضُ
كَيْفَ نُصِبَتِ الْجِبَالُ لِمَ تَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ لِمَ تَقُوْلُوْنَ
مَالَا تَفْعَلُوْنَ لِمَ يُضْرَبُوْنَ كُلَّ يَوْمٍ هَلْ جَاءَ اَخُوْكَ اَحَسِبْتَنِيْ
غَافِلًا ءَاَنْتَ عَطْشَانُ

عربی میں ترجمہ کرو

تم کہاں سے کہاں تک جاؤگے تو یہ انار کہاں سے لایا کھانا کہاں ملتا ہے چھتری کہاں بکتی ہے تم حجاز کا سفر کب کروگے ہم آپ کی زیارت کب کریں گے بکر کا باپ کب آئے گا وہ کب مدینہ منورہ سے واپس آئے تم کھانا کب کھاؤگے اس کا کیا حال ہے ہم بازار کیسے جائیں وہ لوگ کیوں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتے ہیں تو حجاز سے کب واپس ہوا وہ تمھیں کیسے تمہارا حق نہ دے گا ہم کیسے اپنے لڑکے کو کھیلنے سے نہ روکیں وہ کیوں رات دن کھیل میں مشغول رہتا ہے کیا خالد گیا کیا تو بیمار ہے کیا حمید آج آئیگا کیا تم بازار نہیں گئے کیا سعید نے یہ کتاب پڑھی ہے

سبق (۲۹)

حتّٰی با فعل ماضی و مضارع

اَكَلْتُ حَتّٰى شَبِعْتُ اِنْطَلَقُوْا حَتّٰى دَخَلُوا الْمَدِيْنَةَ
ضَرَبْتُهُمْ حَتّٰى مَاتُوْا لَا اَتْرُكُ حَتّٰى اَبْلُغَ اَمَلِيْ مَازِلْنَا نَائِمِيْنَ
حَتّٰى طَلَعَتِ الشَّمْسُ كَرِّرْ دَرْسَكَ حَتّٰى اَسْمَعَهُ -

فَرَرْتُ خَلْفَهٗ حَتّٰی اَخَذْتُہٗ لَمْ یَزَلْ بَاکِیًا حَتّٰی ذَهَبَتْ عَیْنَاهُ

فَضَیْتُ حَقَّهٗ حَتّٰی مَا بَقِیَ عَلَیَّ شَیْءٌ بَذَلُوا الْجُهْدَ حَتّٰی بَلَغُوا الْمَرَامَ

اِصْبِرْ حَتّٰی اَعُوْدَ اِلَیْكَ

عربی میں ترجمہ کرو

میں اتنا بھاگا کہ تھک گیا اس نے اتنا کھایا کہ بیمار ہو گیا ان لوگوں نے نماز عصر نہ پڑھی یہاں تک کہ سورج چھپ گیا وہ کھڑا رہا یہاں تک کہ اس کے پاؤں سوج گئے تم اتنا چیختے ہو کہ آواز سنائی نہیں دیتی میں نے اپنا سبق اتنا دہرایا کہ حفظ کر لیا اس نے اپنا مال خرچ کیا یہاں تک کہ اس کے پاس کچھ نہ بچا میں تجھ کو نہ چھوڑوں گا جب تک کہ میرا قرض ادا نہ کرے تم اللہ کو یاد کرو جب تک موت آئے۔

سبق (۳۰)

لائے نفی جنس

لَا شَكَّ فِیْ كَلَامِكَ لَا كَلَامَ فِیْ كَمَالِهٖ لَا صَدِیْقَ لِزَیْدٍ

وَلَا عَدُوَّ لِعَمْرٍو لَا حَاجَةَ لِیْ اِلَیْهِ لَا شَجَرَ فِی الطَّرِیْقِ

لَا كِتَابَ زَیْدٍ عَجِیْبٌ لَا بَیْتَ خَالِدٍ قَدِیْمٌ لَا فَرَسَ زَیْدٍ سَرِیْعٌ

لَا رَجُلٌ فِی الدَّارِ وَلَا امْرَاَةٌ لَا ابْنٌ لِسَعِیْدٍ وَلَا بِنْتٌ

لَا اَخٌ لِرَشِیْدٍ وَلَا اُخْتٌ لَا اَبٌ لِوَحِیْدٍ وَلَا اُمٌّ

لغات: جُهْدٌ کوشش۔ مَرَامٌ مقصد۔ اَلْعَیُّ تھک جانا از باب سَمِعَ یَسْمَعُ

صَدِیْقٌ دوست۔ عَدُوٌّ دشمن۔ سَرِیْعٌ تیز رفتار

عربی میں ترجمہ کرو

درخت پر کوئی پھل نہیں ہے آپ کی بات میں کوئی کمال نہیں ہے خالد کا بیٹا عالم نہیں ہے حمید کا گھر دور نہیں ہے میرے پاس نہ قلم ہے نہ کتاب ہے مدرسہ میں کوئی لڑکا نہیں ہے زید کے پاس نہ گھوڑا ہے نہ اونٹ ہے اس پر قرض نہیں ہے۔ حوض میں مچھلی ہے نہ مینڈک ہے ہمارے گھر میں سانپ ہے نہ بچھو ہے کھانے میں نمک نہیں ہے کنوئیں میں پانی نہیں ہے زید کا غلام حاضر نہیں ہے نہ اس کو علم ہے نہ عقل ہے

اَلْبَابُ الثَّانِیْ فِی الْجُمَلِ الْمُسْتَعْمَلَۃِ

استاد کو چاہیئے کہ ان جملوں کے اُردو ترجمہ کی صورت بدل کر عربی میں ترجمہ کرائیں۔

تَعَالَ ۔ رُحْ ۔ تَعَالَ هِنَا ۔ رُحْ هُنَاكَ ۔ مَا اسْمُكَ ۔ مَنْ اَنْتَ مِنْ اَیْنَ جِئْتَ ۔ لِمَ جِئْتَ ۔ اِجْلِسْ عِنْدِیْ ۔ اِسْمَعْ كَلَامِیْ اِمْشِ مَعِیْ ۔ اَیْنَ دَارُكَ اَیْشْ هٰذَا ۔ اَیْنَ تَذْهَبُ ۔ اِفْتَحِ الْبَابَ ۔ اُدْخُلْ فِیْهِ اِذْهَبْ اِلَى الْمَدْرَسَةِ ۔ مَا فِیْ یَدِكَ هَلْ عِنْدَكَ شَیْءٌ ۔ مَا عِنْدِیْ شَیْءٌ لِمَ تَبْكِیْ ۔ اُسْكُتْ ۔ اُرْقُدْ عَلٰى فِرَاشِكَ اَنَا عَطْشَانُ ۔ اِیْتِ بِالْمَاءِ ۔ جِبْ مَاءً ۔ اَنَا جَائِعٌ ۔ اَحْضِرِ الطَّعَامَ ۔ شَبِعْتُ ۔ اَنَا شَبْعَانُ لَا اَشْتَهِیْ شَیْئًا اَنَا الْیَوْمَ مَحْمُوْمٌ كَیْفَ حَالُكَ

لغات ۔ تَعَالَ ۔ آ ۱۲ رُحْ جا ۱۲ فراش بستر ۱۲ جِبْ لا ۔ کہ اصل میں جِیْءْ بِہٖ ہے ۱۲ شبعان شکم سیر ۱۲ مَحْمُوْمٌ تپ زدہ ۱۲ اَیْشْ اَیُّ شَیْءٍ کا مخفف ہے ۱۲

كَيْفَ حَالُكَ طَيِّبٌ اَلْيَوْمَ خَيْرٌ مِنَ الْاَمْسِ هَلْ تَغَدَّيْتَ۔
هَلْ تَعَشَّيْتَ - اَلْيَوْمَ مَا اَكَلْتُ شَيْئًا - اَسْتَاْذِنُكُمْ - اَذِنْتُ لَكَ
مَاتَقُوْلُ لِيْ - لَا اَقُوْلُ لَكَ شَيْئًا لِمَنْ هٰذَا الْكِتٰبُ لِاَخِيْ
مَاتَقْرَاُ - اَقْرَاُ دَرْسِيْ - اَيَّ كِتَابٍ تَقْرَاُ - اَلَّذِيْ رَاَيْتَهٗ اَمْسِ
اَيْنَ ذَهَبَ اَخُوْهُ - مَتٰى تَجِيْئُنَا - اَجِيْئُكَ غَدًا اَوْبَعْدَ غَدٍ۔
صَلَّيْتُ الْمَغْرِبَ - اَنَا اُصَلِّيْ - اِجْلِسْ سَاكِتًا - لَا تَقُلْ شَيْئًا۔ هَلْ
عِنْدَكَ اَحَدٌ - اَيْنَ الْخَادِمُ۔ هُوَ مَرِيْضٌ - لِمَ اَبْطَاْتَ الْيَوْمَ
كُنْتُ فِيْ خِدْمَةِ اَبِيْ - فِيْ اَيِّ شُغْلٍ كَانَ اَبُوْكَ - كَانَ جَالِسًا فِي
الْمَسْجِدِ - مَنْ كَانَ عِنْدَهٗ - اِمَامُ الْمَسْجِدِ وَرَجُلٌ اٰخَرُ۔ هَلْ
تَعْرِفُ ذٰلِكَ الرَّجُلَ۔ نَعَمْ - اَعْرِفُهٗ هَلْ رَاَيْتَهٗ قَبْلَ هٰذَا -
رَاَيْتُهٗ مِرَارًا - هُوَ رَجُلٌ صَالِحٌ - هُوَ صَدِيْقٌ لِاَبِيْ - مَافَعَلْتَ
قَبْلَ صَلٰوةِ الْعَصْرِ۔ ذَهَبْتُ اِلَى السُّوْقِ - مَا اشْتَرَيْتَ - اِشْتَرَيْتُ
الثَّوْبَ - مَنْ كَانَ مَعَكَ - كَانَ مَعِيْ اَبِيْ - لِمَ لَمْ تَاْتِنِيْ اَمْسِ
هُوَ يَاْتِيْنِيْ كُلَّ يَوْمٍ مَنْ يَقْرَعُ الْبَابَ - مَنْ يُنَادِيْنِيْ - قُلْ
لَهٗ يَدْخُلْ مَا تَشَاءُ مَا تُرِيْدُ - لَا اُرِيْدُ شَيْئًا۔ مَا
تَسْئَلُنِيْ اَسْئَلُكَ عَنْ زَيْدٍ۔ هُوَ مُعَلِّمٌ فِي الْمَدْرَسَةِ
هَلْ اَرْسَلَ اِلَيْكُمْ كِتَابًا لَمْ يَصِلْنِيْ كِتَابُهٗ لِمَ غِبْتَ اَمْسِ

لغات:۔ تَغَدّٰی۔ دن کا کھانا، تَعَشّٰی رات کا کھانا اَبْطَاْتَ تو نے دیر کی۔ یَقْرَعُ کھٹکھٹاتا ہے

كُنْتُ وَجْعَانًا   اَىُّ وَجَعٍ كَانَ بِكَ   اِنِّىْ ابْتُلِيْتُ بِصُدَاعٍ ۔ اُكْتُبْ عَلَى الْقِرْطَاسِ   لَاتَعْجَلْ   اُكْتُبْ حَرْفًا بَعْدَ حَرْفٍ اِصْبِرْ قَلِيْلًا   مَنْ عَلَى الْبَابِ   يَا عَبْدَ اللّٰهِ تَعَالَ هُنَا ۔ لَبَّيْكَ سَيِّدِىْ   لِمَ تَغِيْبُ كُلَّ وَقْتٍ   نَادَيْتُكَ مَرَّتَيْنِ لٰكِنْ مَا سَمِعْتَ   هَلْ فِىْ اُذُنَيْكَ وَقْرٌ اَمْ اَنْتَ اَصَمُّ جَاءَنِىْ صَدِيْقِىْ مَرَّةً   ذَهَبْتُ اِلَيْهِ مَرَّتَيْنِ   نَادَيْتُهُ لٰكِنْ مَا وَجَدْتُهُ فِى الْبَيْتِ   دَعْنِىْ اَذْهَبْ   ذَرْنِىْ اَرْقُدْ   خَلِّهِ يَاكُلْ   لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا   اِجْلِسْ مَا دُمْتُ رَاقِدًا   اَقُوْمُ مَا دُمْتُمْ اٰكِلِيْنَ   اِيْتِنِىْ بِهٖ   لَاتَبْسُطْ يَدَكَ اِلَىَّ   اَيْنَ كُنْتَ اِلَى الْاٰنِ كُنْتُ فِى الْمَدْرَسَةِ   اَىَّ جِهَةٍ تُرِيْدُ   اِلَى السُّوْقِ   لِاَىِّ اَمْرٍ   لِاِشْتِرَاءِ شَيْءٍ   اَخَذْتُ مِنْهُ كِتَابِىْ   سَلَّمَ عَلَيْهِ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ   هَلْ رَاَيْتُمْ كِتَابِىْ   مَا رَاَيْتُهُ   هَلْ سَمِعْتَ شَيْئًا   لَا اَقْدِرُ اَنْ اَقُوْلَ لَكَ   لَا نَقْدِرُ اَنْ نَجْلِسَ اَمْسِكْهُ فِىْ يَدِكَ   اِمْشِ خَلْفِىْ   اَنَا جَالِسٌ قُدَّامَكَ   قُمْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ   اَنْتَ قَائِمٌ قُدَّامِىْ   اَنَا حَاضِرٌ بَيْنَ يَدَيْكَ جَاءَنِىْ اَخِىْ مَرَّةً اُخْرٰى ۔ مَا فِىْ يَدِكَ الْيُمْنٰى ۔ اِنْصَرِفْ اِلَى يَدِكَ الْيُسْرٰى

لغات :۔ وَجَعٌ درد قِرطاس کاغذ لبیک حاضر ہوں یا ہو وَقْرٌ کان کا بھاری پن ڈاٹ اَصَمُّ بہرا اَمْسِكْهُ اس کو تھام قُدَّامُ سامنے یُمْنٰی دایاں ۔ یُسْرٰی بایاں ۱۲

هَلْ تَاذَنُ لِیْ بِالذَّهَابِ هُوَ یَاکُلُ التُّفَّاحَ اِذْهَبْ وَاجِیْئِیْ۔ اِرْجِعْ سَرِیْعًا اِسْتَرِحْ سَاعَةً لَا تُکَلِّمْنِیْ لَنْ اُکَلِّمَ الْیَوْمَ اَحَدًا۔ تَفَرَّعْ نَاظِرًا لَمْ یَذْهَبْ هُنَا اَحَدٌ۔ کُلُّ هٰذَا لَكَ بِعْتُ فَرَسِیْ۔ مَنْ یَسْکُنُ فِیْ هٰذِهِ الدَّارِ کَانَ زَیْدٌ عَلَی السَّطْحِ۔ زَلَّتْ قَدَمُهٗ وَسَقَطَ عَلَی الْاَرْضِ تَصَادَمَ رَاْسُهٗ بِالْحَجَرِ اِنْهَشَمَتْ عِظَامُهٗ۔ وَصَلَنِیْ کِتَابُکُمْ اِطَّلَعْتُ عَلٰی مَا فِیْهِ۔ اَنَا مُتَحَیِّرٌ فِیْ اَمْرِیْ۔ اَنْتَ فِیْ اَیِّ فِکْرٍ۔ مَا اَتَفَکَّرُ۔ تَفَکَّرَ فِیْ اَمْرِكَ مَا عَرَفْتُكَ اِلَی الْاٰنَ۔ کَمْ شَهْرًا لَكَ۔ دَخَلْتُ فِی الْمَدْرَسَةِ الْعَرَبِیَّةِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ۔ هَلْ تَقْدِرُ اَنْ تَتَکَلَّمَ بِالْعَرَبِیَّةِ لَا اَقْدِرُ اِلَّا قَلِیْلًا۔ هَلْ تَعَلَّمْتَ الْفَارِسِیَّةَ قَبْلَ هٰذَا لَا اَعْرِفُ مِنَ الْفَارِسِیَّةِ حَرْفًا اَیْنَ کُنْتَ مُنْذُ یَوْمَیْنِ کُنْتُ مَرِیْضًا اِسْئَلْنِیْ مَا شِئْتَ لَا تَسْئَلْنِیْ شَیْئًا۔ مِنْ اَیْنَ حَصَلَتْ لَكَ الْاَعْنَابُ۔ لِیْ مَعَكَ کَلَامٌ دُرْتُ فِیْ اَزِقَّةِ الْمَدِیْنَةِ وَسِخَتْ ثِیَابِیْ۔ جَاءَ الْقَصَّارُ بِالثِّیَابِ۔ اَلْیَوْمَ اُبَدِّلُ ثِیَابِیْ۔ وَقَعَتْ بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاءُ۔ اِذَا سَمِعُوْا صَوْتِیْ خَافُوْا۔ اَنَا طَوِیْلٌ اَنْتَ قَصِیْرٌ۔ مَا اَحْسَنَ وَجْهَهٗ۔ مَا اَحْلٰی کَلَامَهٗ فَقَدْتُ نِعَالِیْ۔ مِنْ اَیْنَ جِئْتَ بِهٰذَا الْکِتَابِ۔ اَعْطِنِیْهِ کَیْفَ اُعْطِیْكَ هٰذَا۔ اِشْتَرِ مِنَ السُّوْقِ۔ دَخَلَ سَارِقٌ فِیْ بَیْتِنَا

لغات: سَطْحٌ چھت سَقَطَ گر پڑا اِنْهَشَمَتْ چور چور ہو گئیں عِظَامٌ ہڈیاں رُمَّانٌ انار اَعْنَابٌ جمع عنب انگور دُرْتُ میں پھرا اَزِقَّةٌ جمع زقاق گلیاں وَسِخَتْ میلے ہو گئے قَصَّارٌ دھوبی ۱۲

مَتٰی دَخَلَ الْبَارِحَةَ ۔ کُنَّا نَائِمِیْنَ ۔ فَلَمَّا انْتَبَهْنَا وَلّٰی هَارِبًا ۔ هَلْ سَرَقَ شَیْئًا ۔ لَا ۔ لَمْ یَقْدِرْ اَنْ یَسْرِقَ شَیْئًا ۔ مِنْ اَیِّ جِهَةٍ دَخَلَ ۔ مِنَ الْبَابِ ۔ أَكَانَ الْبَابُ مَفْتُوحًا ۔ نَعَمْ ۔ مَا هٰذِهِ الْغَفْلَةُ ۔ تَرْقُدُوْنَ مُطْمَئِنِّیْنَ وَالْبَابُ مَفْتُوْحٌ ۔ جَاءَ اَبِیْ بَعْدَ نِصْفِ اللَّیْلِ فَنَسِیَ اَنْ یُّغْلِقَ الْبَابَ ۔ عَلَیْهِ دَیْنٌ ۔ هُوَ مَدْیُوْنٌ ۔ لَقِیْتُهٗ فِیْ اَثْنَاءِ الطَّرِیْقِ ۔ اَضَاعَ مَالَهٗ وَعُمْرَهٗ ۔ مَتٰی اَزُوْرُكَ بَعْدُ ۔ بَعْدَ خَمْسَةِ اَیَّامٍ ۔ تَفَضَّلُوْا ۔ نَجْلِسُ سَاعَةً ۔ لِمَ لَا تَجْلِسُ بَیْنَ یَدَیَّ ۔ اَلْیَوْمَ اَرَاكَ مُتَفَكِّرًا قَلْبِیْ مَحْزُوْنٌ ۔ اَلْاَشْیَاءُ كُلُّهَا غَالِیَةٌ فِیْ هٰذِهِ السَّنَةِ مَضَتْ لَهٗ اَیَّامٌ كَثِیْرَةٌ ۔ سِرْتُ مِنَ الدِّهْلِیْ اِلٰی لَاهَوْرَ ۔ قُمْتُ عَلٰی مَفْرَقِ الطَّرِیْقِ ۔ هَلْ تَقْدِرُ اَنْ تَقْرَءَ هٰذَا الْكِتَابَ مَا یَقْرَءُ اَخُوْكَ ۔ غَسَلْتُ یَدَیَّ ۔ اِغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَیْدِیَكُمْ قُمْ عَنْ فِرَاشِكَ ۔ طَلَعَتِ الشَّمْسُ ۔ جَاءَ وَقْتُ الْمَدْرَسَةِ اَلْمَاءُ الْحَارُّ مَوْجُوْدٌ ۔ خُذْ اِبْرِیْقًا ۔ وَاغْسِلْ وَجْهَكَ ۔ اَلْفُطُوْرُ حَاضِرٌ ۔ كُلْ قَدْرَ مَا تَشْتَهِیْ ۔ اِلْبَسْ ثِیَابَكَ ۔ اَیْنَ مِنْشَفِیْ هَا هُوَ ذَا ۔ اِغْبَرَّ ذَیْلُكَ ۔ نَشِّفْهُ اَلْیَوْمَ لَا تَذْهَبْ اِلَی الْمَدْرَسَةِ ۔ اَلْیَوْمَ یَوْمُ الْحُرِّیَّةِ كَمْ سَاعَةً دُقَّتْ

لغات :۔ سَارِق چور۔ اِنْتَبَهْنَا ہم بیدار ہوئے جِهَةٌ طرف، یُغْلِقُ بند کرے، دَیْنٌ قرض اَثْنَاءَ درمیان، کَسْلَانُ سست، تَفَضَّلُوْا مہربانی فرماؤ، غَالِیَةٌ مہنگی، سنة سال، مفرق الطریق چوراہہ، ابریق۔ لوٹا

سَبْعَةُ اِلَّا خَمْسَ عَشْرَةَ - غِبْتُ فِیْ هٰذَا الشَّهْرِ ثَلٰثَةَ اَیَّامٍ -
اَقُوْلُ لَكَ بَعْدَ شَهْرٍ - وَلَدُهٗ شَابٌّ - اَبُوْهُ شَیْخٌ - اِبْنُهٗ سَعِیْدٌ
یَحْفَظُ دَرْسَ کُلِّ یَوْمٍ - سَمِعْتُ قِرَاءَتَهٗ فَاَعْجَبَتْنِیْ - اِذَا فَرَغْتَ
مِنْ شُغْلِكَ فَاذْهَبْ اِلٰی بَیْتِكَ - اَلْیَوْمَ لَا یَتِمُّ شُغْلُهُمْ
اَتْمَمْنَا اَشْغَالَنَا فِیْ ثَلٰثَةِ اَیَّامٍ - لَا تَمْشِ عَلَی الْاَرْضِ مَرَحًا
